

# Trafficking in Persons

## تمام کارکنوں کے ساتھ منصفانہ سلوک

اگر آپ کا ادارہ امریکہ سے دفاعی ٹھیکوں کی فنڈنگ حاصل کرتا ہے تو، آپ کو یقینی بنانا ہوگا کہ آپ کے کارکنوں کے ساتھ امریکی قانون اور ضوابط کے مطابق سلوک ہو رہا ہے۔

**بیرون ملک**
**امریکی تنصیبات میں معاون**

## امریکی محکمۂ دفاع

# کارکنوں کے حقوق

کارکنوں کے حقوق

بیرونِ ملک امریکی تنصیبات پر کام کرنے والے ملازمین کے بہت سے حقوق ہوتے ہیں۔ جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- اپنا پاسپورٹ یا دیگر شناختی دستاویزات اپنے پاس رکھنا
- طے شدہ اُجرت وقت پر وصول کرنا
- کھانے کے لیے اور کام کے دوران وقفوں سے مستفید ہونا
- کسی بھی وقت ملازمت ختم کرنے کا انتخاب کرنا
- انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر شکایات کی نشاندہی کرنا
- اپنی ملازمت کے معاہدے کی ایک نقل اس زبان میں حاصل کرنا، جسے وہ سمجھ سکتے ہیں
- اگر رہائش فراہم کی جاتی ہے، تو ایسے مکان میں رہنا جو میزبان ملک کی رہائشی اور حفاظتی معیار کے مطابق ہو

مشتبہ ہیومن ٹریفکنگ کی اطلاع محکمہ دفاع کے انسپکٹر جنرل کی مندرجہ ذیل ہاٹ لائن پر دیں :
dodig.mil/hotline. یا 1-800-424-9098

24/7 یا ہفتے کے ساتوں دن 24 گھنٹے، مدد کے لیے نیشنل ہیومن ٹریفکنگ ریسورس سینٹر کو 1-888-373-788 پر کال کریں۔

دی نشنل ہیومن ٹریفکنگ ریسورس سینٹر (این ایچ ٹی آر سی) ایک قومی، ٹول فری یا مفت ہاٹ لائن ہے، جو سال کے ہر دن، ہفتے کے 7 دنوں، اور ہر دن 24 گھنٹے، ملک میں کہیں سے بھی ٹیلیفون پر رابطے کے لیے دستیاب ہے۔ ین ایچ ٹی آر سی ایک قانون نافذ کرنے والا یا امیگریشن کا ادارہ نہیں ہے اور اس کو ایک غیر سرکاری تنظیم چلاتی ہے۔

**خلاف ورزی کرنے والوں کو حکومت کے ساتھ تمام کاروبار کھو دینے کے نقصان سمیت دیگر شدید نتائج کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔**

# ٹھیکدار (کنٹریکٹر) کی ذمہ داریاں

ریاستہائے متحدہ امریکہ میں لوگوں کی غیر قانونی نقل و حرکت ( انسانی ٹریفکنگ) کے خلاف "صفر برداشت" [زیرو ٹالرینس] کی پالیسی ہے۔ حکومت کے تمام ٹھیکوں کے لیے ضروری ہے کہ ان کے ٹھیکیداروں، ذیلی ٹھیکیداروں اور انکے ملازمین کو مندرجہ ذیل کی ممانعت ہو:

- ٹھیکے کی بجا آوری کی مدت کے دوران شدید قسم کی انسانی ٹریفکنگ میں ملوث ہونا
- ٹھیکے کی بجا آوری کی مدت کے دوران جنسی پیشہ کرانا
- ٹھیکے کی بجا آوری کےلیے جبری مشقت کا استعمال کرنا
- ایک ملازم کی شناختی یا اس کی امیگریشن کی دستاویزات کو تباہ کرنا، چھپانا، ضبط کرنا یا کسی دو دوسرے طریقے سے ملازم کو ان تک رسائی دینے سے انکار کرنا
- ملازمین کی بھرتی یا ملازمت کی پیشکش کے دوران گمراہ کن یا دھوکہ دہی کے طریقے استعمال کرنا
- ایسے بھرتی کرنے والوں کا استعمال کرنا جو اُس ملک کے مقامی لیبر قوانین کی تعمیل نہیں کرتے، جہاں بھرتی کی جا رہی ہے
- ملازمین سے بھرتی فیس وصول کرنا
- ایک ایسے ملازم کی ملازمت کے اختتام پر، جو اُس ملک کا باشندہ نہیں ہے جہاں کام ہو رہا ہے اور جو اُس ملک میں امریکی حکومت کے ٹھیکے یا ذیلی ٹھیکے پر کام کرنے کے لیے لایا گیا تھا، واپسی کے سفر کے بندوبست یا واپسی کے سفر کی لاگت ادا کرنے میں ناکامی

اگر کہیں غلط کام ہو رہا ہو تو محکمہ دفاع کے انسپکٹر جنرل سے اس ہاٹ لائن پر رابطہ کریں:

**1-800-424-9098**

**یا**

**dodig.mil/hotline**

## تعارف

کسی بھی امریکی ہنگامی آپریشن (contingency operation) کی کامیابی کا انحصار— خواہ وہ فوجی کاروائی ہو یا قدرتی آفت سے نمٹنےکے لیے ہو—ٹھیکوں کے ذریعے فراہم کی گئی مدد کے معیار پر ہوتا ہے۔ امریکی محکمہ دفاع کے تمام ادارے ضروری خدمات کی فراہمی کے لیے ٹھیکیداروں سے کام کراتے ہیں۔ جب یہ ہنگامی صورتِ حال بیرونِ ملک ہو، تو امریکہ اِن خدمات کی فراہمی کے لیے اکثر اوقات براہ راست یا ذیلی ٹھیکوں کے ذریعے مقامی کمپنیوں پر انحصار کرتا ہے۔ ادائیگی وصول کرنے کے لیے اِن کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ کنٹریکٹ کی شرائط اور ضوابط کو پورا کریں۔

انسانی ٹریفکنگ سے نبرد آزما ہونے کا عزم، امریکی محکمہء دفاع کا ٹھیکہ حاصل کرنے کی ایک اہم شرط ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ امریکہ سے فنڈ حاصل کرنے والےاداروں کو سنگین نتائج کا سامنا کرنا ہو گا، اگر وہ ایسے لوگوں کو ملازم رکھیں جن کو طاقت، دھوکہ دہی، یا جبر کے ذریعے کام یا مزدوری کے لیے مجبور کیا گیا ہو یا جن کو زبر دستی جنسی عمل کے لیے مجبور کیا گیا ہو۔ انسانی ٹریفکنگ جدید دور کی غلامی کی ایک شکل ہے جس کی سختی سے ممانعت ہے۔

اگر آپ کسی ایسی صورت حال سے واقف ہیں، جس میں [ہیومن ٹریفکنگ کے] شکار افراد کو بھرتی کرنا، پناہ دینا، کسی کے حوالے کرنا یا انکو حاصل کرنا شامل ہے، تو فوری طور پر اپنے کنٹریکٹنگ آفیسر— یعنی کنٹریکٹ کے ذمہ دار امریکی سرکاری اہلکار کو مطلع کریں۔

Ver 1.2, Pub 09/14

## کارکنوں کے ساتھ برے سلوک کی روک تھام

### برے سلوک کو روکنے کے لیے سخت امریکی معائنہ

امریکی محکمہء دفاع کے ٹھیکوں کی کارکردگی کی نگرانی کنٹریکٹ کرنے والے آفیسر کے نمائندے (سی او آر) کرتے ہیں — سی او آر وہ افراد ہیں جو اُن فوجی تنصیبات پر ڈی او ڈی کی "آنکھوں اور کانوں" کے طور پر کام کرتے ہیں، جہاں یہ خدمات انجام دی جا رہی ہیں۔ سی او آرز کو ایسی تربیت دی جاتی ہے جس سے انکوانسانوں کے ساتھ برے سلوک کے انتباہی علامات کو شناخت کرنے میں مدد ملتی ہے۔ مناسب کارروائی کے لئے کنٹریکٹنگ افسر کو نتائج کے بارے میں اطلاع دی جائے گی۔

ڈی او ڈی کا انسپکٹر جنرل وقتاً فوقتاً امریکی فوجی تنصیبات کے مقامات کے دورے کر کے جائزہ لیتا ہے کہ ڈی او ڈی کے ٹھیکوں میں "ٹریفنگ کے متاثرین کے حفاظتی ایکٹ" (Trafficking Victims Protection Act) کی تعمیل کی جا رہی ہے۔ مشتبہ انسانی ٹریفکنگ کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے ڈی او ڈی ہاٹ لائن دستیاب ہے:

### ڈی او ڈی ہاٹ لائین ویب سائیٹ:

Dodig.mil/hotline

ڈی او ڈی ہاٹ لائین ٹیلیفون:

ڈی ایس این تک رسائی کے ساتھ امریکی تنصیبات سے:

94-800-424-9098

امریکی حدود میں:

800-424-9098 (ٹول فری) یا
703-604-8799

امریکہ سے باہر:

00-1-703-604-8799

## غلط کاروں کے خلاف تدابیر

### کمپنی کی طرف سے از خود اطلاع

کمپنیوں کو چاہیئے کہ وہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا سدِ باب کریں، ان میں ملوث ملازمین کو بر طرف کریں، اور اس طرح کے معاملات کی اطلاع امریکی کنٹریکٹنگ افسر کو دیں۔ اپنی اصلاح آپ کرنے سے آپ سنگین نتائج سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ اگر امریکی ڈی او ڈی کے ٹھیکے میں انسانی حقوق کی خلاف وری ہوتی ہے، تو شدید سزا مل سکتی ہے، جس میں مندرجہ ذیل سزائیں شامل ہیں:

- انتظامی کاروائی:
  - ملازم کو برطرف کرنے کے احکامات
  - ذیلی ٹھیکے کو ختم کرنے کے احکامات
  - ٹھیکے کا خاتمہ
  - معطلی یا نا اہلی کی فہرست میں رکھنا، جس سے آپ امریکی حکومت کے ساتھ کاروبار کرنے کے لیے نا اہل ہو جائیں گے۔
- قانونی کاروائی:
  - مالی جرمانہ
  - جیل میں وقت

**امریکہ کو اس کے بارے میں پتہ چل جانے کا انتظار نہ کریں۔ اِن ممنوع معاملات کی اطلاع دیں:**

قرض کے عوض محکومی
جبری بیگار
غلامی
عورتوں سے پیشہ کرانا